# BLUE PRINT FOR QUESTION PAPER

**Class : 2nd PUC**
**Max. Marks - 100** **Subject : URDU (08)** **Time – 3:15 Hours**

| Appreciation 5% | Expression 25% | | | Comprehension 40% | | | Knowledge 30% | | Syllabus | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **5** | **5** | **4** | **2** | **5** | **4** | **2** | **2** | **1** | | |
| | | | | | 1 | 1 | | 1 | ٹیپو کی مذہبی رواداری | .1 |
| | | | | | 1 | | 1 | 1 | بوڑھی کاکی | .2 |
| | | | | | 1 | | | 1 | وقت | .3 |
| | | | | | 1 | | 1 | 1 | منٹو | .4 |
| | | | | | | 1 | | 1 | سماجی میڈیا | .5 |
| | | | | | | 1 | 1 | 1 | زیور کا چکر | .6 |
| | | | | | | 1 | | 1 | شمس الرحمٰن فاروقی سے ایک ملاقات | .7 |
| | | | | | | 1 | | 1 | کرسی | .8 |
| | | | | | | 1 | | 1 | ادب کیا ہے | .9 |
| | | | | | 1 | | 1 | | خدا حافظ | .10 |
| | | | | | | 1 | | 1 | مکتوبات | .11 |
| | 1 | | | | | | | | سورۂ فاتحہ | .12 |
| | | | | | | 1 | | | اے خدا | .13 |
| | | | | | | 1 | | | عورت | .14 |
| | | | | | | 1 | | | مثنوی گلزارِ نسیم | .15 |
| | | | | | | 1 | | | نوجوان سے | .16 |
| | 1 | | | | | | | | اے شریف انسانو | .17 |
| | | | | | | 1 | | | امن نامہ | .18 |
| | 1 | | | | | | | | ترانۂ کرناٹک | .19 |
| | | | | | | | | | مرثیہ | .20 |
| | | | | | | 1 | | | کیا دن تھے | .21 |
| | | | | | | 1 | | | جمالِ ہم نشیں | .22 |

| | | 1 | 2 | 2 | 4 | 5 | 2 | 4 | 5 | 5 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 23. | غزل ولی دکنی | | | | | | 1 | | | |
| 24. | غزل انشاءاللہ خان انشاء | | | | | | | | | |
| 25. | غزل ذوق دہلوی | | | | | | 1 | | | |
| 26. | غزل داغ دہلوی | | | | | | | | | |
| 27. | غزل فانی بدایونی | | | | | | 1 | | | |
| 28. | غزل اصغر گونڈوی | | | | | | 1 | | | |
| 29. | غزل فراق گورکھپوری | | | | | | 1 | | | |
| 30. | غزل شہریار | | | | | | | | | |
| 31. | غزل احمد فراز | | | | | | 1 | | | |
| 32. | غزل وقار خلیل | | | | | | | | | |
| 33. | غزل حسنیٰ سرور | | | | | | 1 | | | |
| 34. | قطعات عبدالحمید عدم | | | | | | | 1 | | |
| 35. | قطعات نریش کمار شاد | | | | | | | 1 | | |
| 36. | قطعات عزیز بیلگامی | | | | | | | | | |
| 37. | محاورات (جملوں میں استعمال) | 6 | | | | | | | | |
| 38. | ضرب الامثال | 3 | | | | | | | | |
| 39. | کہاوتیں | 5 | | | | | | | | |
| 40. | تلمیحات | | 2 | | | | | | | |
| 41. | علمِ عروض | | | | | | | | | |
| 42. | بلاغت | | 2 | | | | | | | |
| 43. | مضمون نویسی | | | | | | | | | |
| 44. | مکتوب نگاری | | | | | | | | | 1 |
| 45. | اصلاحِ زبان | 2 | | | | | | | | |
| 46. | کوائفِ شخصی | | | | | | | | | |
| 47. | لغت شناسی (الفبائی ترتیب) | | | | | | | | | |
| 48. | تلفظِ الفاظ (مرکبات) | 5 | | | | | | | | |
| 49. | مطالعہ کی اہمیت اور طریقہ کار (اقتباس) | | | | 1 | | | | | |
| 50. | ترجمہ | | | | 1 | | | | | |

DEPARTMENT OF PRE UNIVERSITY EDUCATION

# Model Question Paper - 1

Subject Code - 08 | Subject: URDU اُردو | Total No. of Questions - 61

Time - 3: 15 Hours | Maximum Marks - 100

---

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔

۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

**I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔** **5X1=5**

1. بوڑھی کاکی کے افسانہ نگار ہیں۔

a) سعادت حسن منٹو b) پریم چند

c) ڈپٹی نذیر احمد d) ابراہیم جلیس

2. منٹو کا محبوب افسانہ نگار۔

a) جیمس جوائس b) چارلس ڈکنس

c) سومرسٹ ماہم d) تھامس ہارڈی

3. " زیور کا چکر " کا تعلق اردو نثر کی کس صنف سے ہے۔

a) طنز و مزاح b) خاکہ

c) سوانح نگاری d) خود نوشت

4. وہ کونسا کھیل ہے جس میں کرسیاں کم اور بیٹھنے والے زیادہ ہوتے ہیں۔

a) میوزیکل چیر b) میوزیکل کہانی سنانا

c) مقابلہ رقص d) ان میں سے کوئی نہیں

5. غالب دربار جاتے تو کیا پاتے؟

a) ماہانہ وظیفہ b) خلعتِ فاخرہ

c) نام و نمود d) عزت و شہرت

**(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** **5X1=5**

6. بھینس کے آگے ________ بجانا (سیٹی، بھونپو، بین)

7. خدا کی لاٹھی میں ________ نہیں ہوتی (پرواز، آواز، ساز)

8. ناچ نہ جانے ________ ٹیڑھا (آنگن، چمن، گگن)

9. ایک انار سو ________ (دلدار، بیمار، عیّار)

10. اونچی ________ پھیکا پکوان (مچان، ڈھلان، دُکان)

**(ج)"الف" اور "ب" کو جوڑ کر مرکب الفاظ بنائیے۔** **5X1=5**

| | الف | ب |
|---|---|---|
| 11. | غورو | سما |
| 12. | سودو | جدل |
| 13. | ارض و | شب |
| 14. | جنگ و | فکر |
| 15. | روزو | زیاں |

**(د)ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** **5X1=5**

16. میر آصف کے اہم منصب پر کون فائز تھا؟
17. انسان کی طبیعت کو خدا نے کیسا بنایا ہے ؟
18. سوشیل میڈیا کی سب سے بڑی طاقت کیا ہے ؟
19. فاروقی صاحب کے مطابق اردو ادب کی کونسی صنف زیادہ ترقی یافتہ ہے ؟
20. ادب کی دو قسمیں کونسی ہیں ؟

**II. (الف) ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **5X2=10**

21. ڈاڈول نے ٹیپو کے متعلق کیا لکھا ہے ؟
22. سوشیل میڈیا سے مراد کیا ہے ؟
23. عورتوں کو خاص طور پر ناک کا زیور کیوں نہیں پہننا چاہیے ؟
24. فاروقی صاحب نے اپنے شجرۂ نسبت کے تعلق سے کیا بتایا؟
25. زمانے کی نئی روشنی کے ساتھ کونسی کرسیاں معرضِ وجود میں آئیں ؟
26. پرانے زمانے میں لوگ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے تو کیا کرتے تھے ؟
27. سید محمود نے طشتری میں شکر لے کر کیا کیا؟

**(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** **5X2=10**

28. خدا کو اپنے محبوب کی سوگند دے کر شاعر نے اس سے کیا طلب کیا ہے ؟
29. عورت کس کی شان اور جان ہے ؟
30. شہر آتے آتے بکاؤلی نے کیا دیکھا؟
31. نوجوانوں کے خرام میں کس کا راز نہاں ہے ؟
32. ہندوستان کے تہواروں کا ذکر شاعر نے کن الفاظ میں کیا ہے ؟

33. دادی ماں مصری کب اور کیسے دیتی تھیں؟

34. علم کے تعلق سے ڈی وی گنڈپا کا کیا خیال ہے؟

**III. (الف) ان میں سے کسی تین سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔** **3X4=12**

35. ٹیپو نے سرنگیری مندر کے علاوہ اپنی مملکت کے دوسرے مندروں کی سرپرستی کس طرح کی؟

36. بوڑھی کاکی کو کڑاہ کے پاس بیٹھے دیکھ کر روپا نے کیا کہا؟

37. وقت کی قدر و قیمت اور اس کی بھاگ انسان سے کیا چاہتی ہے؟

38. دیوندر ستیار تھی کون تھے؟ ان کا منٹو کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

39. بلی کے راستہ کاٹنے کے بعد کا واقعہ اپنی زبان میں لکھیے؟

**(ب) کسی دو جملوں کی بحوالۂ متن وضاحت کیجیے۔** **2X2=4**

40. "کسے پکاروں۔ آج لاڈلی بھی نہیں آئی۔"

41. "دیکھو منٹو میں تمہیں اپنے بیٹے کے برابر سمجھتا ہوں۔"

42. "میرا کان کاٹ لیا اور تم کلمہ پڑھنے کو کہہ رہے ہو۔"

43. "اماں۔ ذرا دیکھو تو بٹیروں کے دل کیسے دھڑک رہے ہیں۔"

**IV. 44. (الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔** **1X5=5**

۱) سورۂ فاتحہ ۲) اے شریف انسانو ۳) ترانہ کرناٹک

**(ب) ذیل میں دیے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔** **5X2=10**

45. سختی کے بعد عیش کا امیدوار اچھ — آخر ہے روزہ دار کوں اک روز عید یہاں

46. مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا — پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا

47. تصنع سے نہیں خالی ضیائے حسنِ قدرت بھی — کہ شبنم رات بھر گلشن میں منہ پھولوں کا دھوتی ہے

48. یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی — یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنادیا

49. جسے صورت بتاتے ہیں پتا دیتی ہے سیرت کا — عبارت دیکھ کر جس طرح معنی جان لیتے ہیں

50. رکے تو گردشیں اس کا طواف کرتی ہیں — چلے تو اس کو زمانے ٹھہر کے دیکھتے ہیں

51. ایک بوند بھی ملتی نہیں اب مہر و وفا کی — سوکھے ہوئے سب ہونٹ ہیں اور روح بھی پیاسی

**(ج) کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔** **1X4=4**

52. بہار و خزاں کم نگاہوں کے وہم — برے یا بھلے سب زمانے تیرے
عدم بھی ہے تیرا حکایت کدہ — کہاں تک گئے ہیں فسانے تیرے

53. درد ہی درد بھر گیا دل میں — اتنا حساس کردیا غم نے
جب کسی آنکھ سے گرا آنسو — اپنی پلکوں پہ لے لیا ہم نے

54. (د)ذیل کے اشعار میں مستعمل کسی ایک تلمیح کا واقعہ لکھیے۔ 1X2=2

1) قتلِ حسینؑ اصل میں مرگِ یزید ہے اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

2) اور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا جامِ جم سے یہ مرا جامِ سفال اچھا ہے

55. ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 1X4=4

سبز باغ دکھانا - آپے سے باہر ہونا - ہوا سے باتیں کرنا

دبے پاؤں نکلنا - تاب نہ لانا - ناک کٹ جانا

56. کسی دو ضرب الامثال کی وضاحت کیجیے۔ 2

ا۔ دودھ کا دودھ پانی کا پانی

۲۔ صبر کا پھل میٹھا

۳۔ جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں

57. املا اور قواعد کے اعتبار سے ان جملوں کو درست کیجیے۔ 2

ا۔ ماہول کا صاف ستھرا رکھیں

۲۔ ٹی.وی پر قبریں نشر ہو رہا ہے

58. ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔ 2

ا۔ صنعتِ تضاد ۲۔ صنعتِ مبالغہ

59. میونسپل کمشنر کے نام درخواست لکھتے ہوئے اپنے علاقے میں پانی کی قلت اور اس کی مناسب سربراہی کی گذارش کیجیے۔ 5

60. ذیل کے اقتباس کو پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 4

ہوائی کرّہ مختلف گیسوں کا آمیزہ ہے۔ ان گیسوں میں ایک خاص تناسب پایا جاتا ہے۔ یہ گیسیں نہ صرف انسانوں کے وجود کے لیے بلکہ زمین پر بسنے والے تمام جانداروں کے لیے بے حد اہم ہیں۔ یہ گیسیں زمین کو چاروں طرف سے شامیانے کی طرح گھیر کر سورج سے حاصل کردہ گرمی کو زمین کے ماحول سے پوری طرح اشعاعِ حرارت کے ذریعہ باہر نکلنے نہیں دیتیں اور حرارت کے توازن کو قائم رکھتی ہیں۔ گیسوں کا امتزاج کم یا زیادہ ہونے سے ان کا تناسب بگڑتا ہے تو زمین پر موسمی تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں۔

سائنسدانوں نے گذشتہ سو برسوں کے درجۂ حرارت کا مطالعہ کیا ہے اور وہ اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ زمین کا درجۂ حرارت مسلسل بڑھتا جا رہا ہے۔ یہ اضافہ خاص ان گیسوں کی وجہ سے ہوتا ہے جنہیں گرین ہاؤس گیسیں کہتے ہیں۔ کاربن ڈائی

آکسائیڈ کے علاوہ میتھین، نائٹرس آکسائیڈ، ہیلیو کاربن اور کلورو کاربن گرین ہاؤس گیسیں ہیں۔ ان میں چونکہ کاربن ڈائی آکسائیڈ سب سے زیادہ مقدار میں کرّہ ہوا میں موجود ہے، اس لیے کاربن ڈائی آکسائیڈ کی وجہ سے حرارت کرّہ ہوا سے باہر نہیں نکل پاتی۔ فضا میں مقید رہتی ہے۔ اسی لیے درجۂ حرارت میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔ دنیا میں درجۂ حرارت کے اسی اضافے کو گلوبل وارمنگ کہتے ہیں۔

دراصل جب ہم ٹی وی دیکھتے ہیں، ائیر کنڈشن استعمال کرتے ہیں، بجلی جلاتے ہیں، کار چلاتے ہیں، ویڈیو گیم سے لطف اندوز ہوتے ہیں، اسٹیریو سنتے ہیں، واشنگ مشین، ڈش واشر یا مائیکروویو کا استعمال کرتے ہیں تو گرین ہاؤس گیسیں پیدا کر کے انہیں فضا میں منتشر کرنے کا سبب بنتے ہیں۔ پوری دنیا کی توجہ اس مسئلے کی طرف مرکوز ہو رہی ہے اور عالمی پیمانے پر گلوبل وارمنگ پر قابو پانے کی تدابیر اختیار کی جا رہی ہیں۔ توانائی حاصل کرنے کے ایسے وسائل تلاش کیے جا رہے ہیں جن سے ماحول پر بُرا اثر نہ پڑے۔ قابل تجدید توانائی اور آلودگی سے پاک ٹکنالوجی پر مسلسل ریسرچ جاری ہے۔ فضا میں کاربن کی مقدار کو کم کرنے اور شمسی توانائی کے استعمال کو فوقیت دینے پر زور دیا جا رہا ہے۔

سوالات:

ا۔ ہوائی کرّہ کس کا آمیزہ ہے؟

۲۔ گرین ہاؤس گیسیں کونسی ہیں؟

۳۔ گلوبل وارمنگ کسے کہتے ہیں؟

۴۔ گرین ہاؤس گیسیں کس طرح پیدا ہو کر فضا میں منتشر ہوتی ہیں؟

**61. ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑا زبان میں ترجمہ کیجیے۔** 4

ا۔ ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

۲۔ کتاب ہماری بہترین دوست ہے۔

۳۔ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔

۴۔ بچے کی پہلی استاد اس کی ماں ہوتی ہے۔